© rasailojaraid.com



کی حوصلہ افزائی ہوگی اور مزید نوادرات اور ایسے علمی سوغات، علم دوست ہاتھوں میں پہنچتے رہیں گے (ع.ق)

**فاضل بریلوی کے فقہی مقام کی حیثیت** از مولانا سید حامد میاں صاحب۔ صفحات ۱۰۴۔ قیمت درج نہیں۔
پتہ۔ مدرسہ تجوید القرآن رحمانیہ۔ خانوخیل ضلع ڈیرہ اسماعیل خان۔

ایک خاص طبقہ نے فاضل بریلوی احمد رضا خان کی فقہی عظمتوں، شخصی تقدس اور امامت وسیادت اس قدر ڈھنڈورا پیٹا کہ ان کے جال میں پھنسنے والے سادہ لوح عوام الناس نے اسے اپنا ہادی و ملجا، مشکل کشا، حاجت روا، لاثانی پیشوا، اور خدا جانے کیا سے کیا یقین کر لیا ہے۔ اسی اندھی تقلید اور نری عقیدت نے اس عقیدت مندوں کو بھی علماء دیوبند، علماء ندوہ اور علماء حق سے متنفر کیا۔ اور اس کے تکفیری فتووں کی وجہ سے علماء حق سے گریز کی راہ اختیار کی۔

مگر الحمد للہ کہ المہند علی المفند سے اس کی قلعی کھل گئی اور اب زیر تبصرہ کتاب کے سامنے آجانے سے موصوف کے فقہی مقام، فقہ سے مناسبت و اہلیت اور چند ایک فتووں کے نمونوں سے اصل حقائق امت پر واضح ہوگئے ہیں ع

أَفَرَسٌ تَحْتَ رِجْلِكَ أَمْ حِمَارٌ

مدرسہ تجوید القرآن رحمانیہ نے اس کتابچہ کو خوبصورت اور دیدہ زیب سرورق، عمدہ کتابت اور اعلیٰ طباعت کے ساتھ شائع کر دیا ہے۔ (ع۔ق۔ح)

خوشبو کے سب رنگ
نورس
قومی مشروب
لذت کے سب رس

© rasailojaraid.com